یهه کرو Do this.

جلدی کرو Make haste.

دروازہ بند کرو Shut the door.

دودہ پیو Drink the milk.

اپنا منهه دهو Wash your face.

اپنے دهائی سے پوچهو Ask your brother.

مت سو Don't sleep.

(تو) اٹهه Get up (thou).

(تو) چپ رہ Be silent (thou)

بیٹهه جاؤ Sit down.

لوٹ آؤ Come back.

(تو) کهڑا هو Stand (thou).

مجهے دو Give me.

اپنے والدین کی عزت کرو Honour your parents.

آمدنی سے زیادہ خرچ مت کرو Keep your expenses within your income.

اسے خوب یاد رکهو Remember this well.

دوسروں کو گالی مت دو Do not abuse others.

جو برا هے اس سے نفرت کرو اور جو اچها هے اسے پیار کرو Hate that which is evil, love that which is good.

کبهی جهوٹ نہ بولو Never tell a lie.

CHAPTER X.

LESSON 1.

Idiomatic Use of Verbs.

آپ کیوں اتني ڈینگ اُڑا رھے ھو Why are you boasting so much ?

میں نے سیکڑوں روپئے پھونک دئے I squandered hundreds of rupees.

میں نے اسے خوب آڑے ھاتھہ لیا I took him well to task.

تمھارے مارے ناکوں میں دم آگیا I have become sick of you.

آجکل کانگریس زور پکڑ رھي ھے The Congress is gaining ground now-a-days.

اسے دیکھکر میرا دل پگھل گیا My heart sank when I saw him.

شیر کو مارنا میرے بائیں ھاتھہ کا کھیل ھے It is light work for me to kill a lion.

وہ گھر میں بیٹھا مکھي مار رھا ھے He is idling at home.

اسنے بھري تھالي میں لات مار دي He fought with his bread and butter.

میں نے اسکے دانت کھٹّے کردئے I set their teeth on edge.

تمھاری بات میرے دل میں لگ گئي Your words cut me to the heart.

آپ نے اچھي پھبتي کہي You cut the joke well.

وہ بیچارا ننانوي کے پھیر میں پڑا ھے The poor fellow is involved in difficulties.

وہ دال روٹي سے خوش ھے He is well off.

میں نے دن کو دن اور رات کو رات نہ سمجھا I was totally absorbed in nursing her.

اسنے اسکو منہہ توڑ جواب دیا He silenced him.

اسکي چھاتي پر سانپ لوٹتاھے He burns with jealousy.

جب میں نے اُسے دیکھہ لیا تب جي میں جي آیا On seeing him I was comforted.

LESSON 2.

Phrases formed of Verbs.

روکھے پن سے دیکھنا to look cool upon.

جھاڑو پھیرنا to make a clean sweep of.

کان بھرنا to poison one's ear.

موقع ھاتھہ لگنا to stand a good chance.

ھاتھہ پاؤں مارنا to strain every nerve.

بڑا بول بولنا to talk big.

Phrases formed of other Parts of Speech.

موٹي غلطي gross error.

صورت حرام fair without and foul within.

لڑائي کی جڑ apple of discord, bone of contention.

خيالي پلاؤ fumes of fancy.

بھاؤ کے بھاؤ at par.

گھاٹے پر below par.

نشے میں چور dead drunk.

Some idiomatic forms by adding اُڑانا - مچانا - جھیلنا - دینا - اُٹھانا - کھانا, etc. to different nouns, as :

دکھہ اُٹھانا to take pains.

موج اُڑانا to enjoy oneself.

دماغ لڑانا to rack the brain.

قسم کھانا to take an oath.

غصہ میں آنا to get angry.
مصیبت جھیلنا to suffer calamity.
گپ اُڑانا to gossip.
ہوا کھانا to walk.

ہوش اُڑ جانا to becomeperplexed.
مال اُڑانا to eat delicious dishes.

LESSON 3.

Repetition of Words.

Some expressions are made by the repetition of Noun, Pronoun, Adjective, Adverb, Participle and Verb.

(1) *Repetition of Noun ;*

گھر گھر house to house.
گاؤں گاؤں village to village.
پیڑ ہی پیڑ trees and trees alone.
آن کی آن میں in a moment.
روز بروز day by day.
درجہ بدرجہ degree by degree.

در در door to door.
جھنڈ کے جھنڈ swarms after swarms.
شہر شہر city to city.
سال بسال every year.
قدم بقدم step by step.

(2) *Pronoun :*

سب کے سب all.

کوئی نہ کوئی someone.

آپ سے آپ itself, himself.

(3) *Adjective :*

گورے گورے fair ones.
میٹھے میٹھے sweet ones.
موٹے موٹے fat ones.
بڑے بڑے big ones.
کم از کم at least.

کالے کالے black ones.
اچھے اچھے good ones.
کچھ نہ کچھ something or other
چھوٹے چھوٹے small ones.
زیادہ سے زیادہ at most.

دبلے پتلے thin and lean.

(4) *Adverb :*

جہاں کہیں wherever. کبھی کبھی sometimes

جیسے تیسے somehow. جب کبھی whenever.

ادھر اودھر hither and thither. جیوں تیوں...جیوں جیوں as...as.

رفتہ رفتہ by and by. جہاں جہاں...تہاں تہاں whereso-ever..there.

آهستہ آهستہ slowly.

کہاں کہاں in what places.

(5) *Participle :*

هنستے هنستے by laughing (too much). جاتے جاتے by going (regularly)

روتے روتے by weeping.

پڑھتے پڑھتے by reading (continuously). بلاتے بلاتے by calling (many many times).

کھاتے کھاتے eating (the same thing daily).

LESSON 4.

Antonyms or Opposite Words.

جمع کرنا add-منہا کرنا subtract بنانا build-ڈھانا raze

عمر رسیدہ aged-جوان young. قدیم ancient-جدید modern.

قرض لینا borrow-قرض دینا lend. بہادري bravery-بزدلي cowardice

صاف clear-میلا dirty. بے رحم cruel-مہربان kind.

گراں dear-ارزاں cheap. دانا wise-نادان foolish.

آسان easy-مشکل difficult. کبھي ever-کبھي نہیں never.

کفایت شعاري frugality-فضول خرچي prodigality. بھراھوا full-خالی empty.

امید hope-ناامیدي despair. سابق former-بعد کا latter.

زیادہ much-تھوڑا little. معصوم innocent-قصوروار guilty

صلح peace-جنگ war.

کثرت plenty-قلت scarcity. غرور pride-انکساری humility.
تیز quick-دھیما slow. شاذ و نادر rarely-اکثر often.
چکنا smooth-کھردرا rough. نرم soft-سخت hard.
شیریں sweet-تلخ bitter. چوٹی top-تلی bottom.

LESSON 5.

Prefixes and Suffixes.

Prefixes.

از—from, than, by, of, with, as ; ازبس—nevertheless, notwithstanding. ازبر—by rote, by heart. از حد—boundless, infinite. از خود—voluntarily. از راہ—by the way of, *apropos*. از سر نو—newly. afresh, *de novo*. etc.

ال—the, as : الاماں—for pity's sake ! Mercy ! البتّہ (albatta)—certainly, positively. التوکل (altawakkul)—hypothetically. الحمد للہ (alhamdo-lillah)—God be praised. العبد (al'abd)—signature. الغرض (algaraz)—briefly, in short. القصہ (alqissa)—in a word. الوداع (alwidá,)—the last Friday of Ramzan, etc.

اہل—people, inhabitant, proprietor, citizen. اہل اللہ (ahl-i-Allah)—people of God. اہل حرفہ (ahl-i-hirfa)—artisans. اہل خرد (ahl-i-k̤hirad)—wise men. اہل علم (ahl-i-'ilm)—erudite, etc.

بہ-ب—with, by, for, from, in, to, on, as : بہ شوق (ba shauq)—delightfully بہ ہر صورت (ba har súrat)—by every means. بجاے (bajái)—in place of. بحدیکہ (bahadde ki)—to such a degree that, etc.

با—by, with, possessed of, as: باآبرو (bá-ábru)—respectably. با اتفاق (bá-ittifaq)—unanimously. با ادب (bá-adab)—polite, with good manners. با حیا (bá-hayá)—modest. با قرینہ (bá-qarína)—in order. با مروت (bá-murawwat)—humane, kind. با وجود (bá-wajud)—notwithstanding. با وفا (bá-wafá)—true, faithful.

بال-بل—meaning: with, by, as; بالاتفاق (bil-ittifaq)—by chance. بالجبر (bil-jabr)—forcibly. بالذات (bil-zát)—naturally. بالضرور (bil-zarur)—necessarily. بالفرض (bil-farz)—supposing. بالفعل (bil-f'el)—now, at present. بالکل (bil-kul)—entirely, etc., etc.

بد—bad; wicked; mischievous, as: بد اختر (bad-akhtar)—ill-starred, unlucky. بد اخلاق (bad-ikhláq)—ill-mannered. بد اعمالی (bad-a'málí)—misdeeds. بد انتظامی (bad-intizámí)—maladministration, etc.

بر—up, above, at, in, with, forth, against. برآنا (bar-áná)—to be accomplished. بر عکس - بر خلاف (bar-'aks, bar-khiláf—on the contrary. بر محل-بر وقت (bar-mahal, bar-waqt)—opportune, seasonable. برلانا (bar-láná)—to fulfil etc.

بلا—without, as: بلا تردد (bilá taraddud)—without hesitation. بلا توقف (bilá tawaqquf)—without delay. بلا شک (bilá-shak)—doubtless. بلا ناغہ (bilá nágá)—regularly. بلا وجہ (bilá wajah)—without grounds, etc.

بے—without. as ; بے ادب (be-adab)—ill-behaved. بے ادبی (be-adabí)—incivility. بے اعتبار (be-e'tbár)—incredulous. بے انتہا (be-intihá)—endless. بے انصافی (be-insáfi)—injustice. بے ایمان (be-ímán)—infidel, dishonest, etc.

بیت—a house, temple, abode, as: بیت الحرام (bait-ul-hirám—the temple of Mecca. بیت الخلا (beit-ul-khalá—a necessary or privy. بیت الصنم (bait-ul-sanam)—an idol temple. بیت المال (bait-ul-mál)—the public treasury. بیت المقدس (bait-ul-muqaddas)—the Temple of Jerusalem.

پا—foot, leg, foundation, as ; پاے تخت (páetakht) royal residence, capital. پاے رکاب (páerikáb)—retinue. پاے مال کرنا (páemál karná)—to destroy. پایدار (páedár) firm, steady.

پر—full, complete, abounding in, quite, as : پر تکلف (pur-takalluf)—ceremonious. پر خطر (pur-khatar)—very hazardous or risky. پر درد (pur-dard)—painful. پر سوز (pur-soz)—blazing. پر نور (pur-núr)—enlightened, etc.

پس—after, as : پس انداز—savings. پس پا کرنا—to repulse, to drive back. پس خوردہ—leavings, offal. پس غیبت—in one's absence. پس ماندہ—remaining, survivor, etc.

پیش—before, front, as: پیش ازیں—before this. پیش اندیش—prudent. پیشبندی—foresight. پیشقدمی—stepping before, leadership, etc.

تا—to, until, as far as, as long as, since, as : تازیست—while life remains. تابمقدور—to the utmost of one's ability. تاهم—yet, etc.

نا—negative, as : ناخوش—displeased. ناممکن—impossible. نادان—ignorant.

لا—absence, as : لاپتا—traceless. لاپروا—careless. لاچار—helpless. لاعلاج—having no remedy. لامذهب—irreligious, etc.

خوش—pleasing, as : خوشبو—good smell. خوشخط—good handwriting. خوش مزاج happy mood, etc.

سر—as : سرپرست—patron. سرگروه—leader. سردار—chief. سرانجام—management. سرفراز—honoured, exalted. سرچشمه—spring. سرحد boundaries, etc.

فی ال—as : فی الحال—at present. فی الجمله—upon the whole. فی الواقع—in fact. فی الفور—immediately. فی البدیهه—spontaneously. etc.

من—from, of, out of, on, as : من جانب—from the side of. منجمله—in all. من بعد—hereafter, etc.

LESSON 6.

Suffixes.

گر—as : زرگر—goldsmith. قلعئی گر—gilder. کاریگر—workman. جادوگر—magician, etc.

خانه—house, as : مسافر خانه—traveller's house, inn. دواخانه—dispensary. شفاخانه—hospital. کتب خانه—

library. کبوتر خانہ—pigeon-hole. عبادت خانہ—worship-house, temple, etc.

بان—as : گاڑیبان—cartman. شتربان—camel-driver. گلہ‌بان—pastor. نگہبان—guard, etc.

والا—as : پیسے والا—moneyed man. پانی والا—waterman. چکی والا—miller. دودھ والا—milkman, etc.

ی—as : لالچی—greedy. جنگلی—wild. معافی—pardon. غلطی—mistake. بڈھی—old age, etc.

دار—as : سمجھدار—intelligent. مالدار—wealthy. خبردار—careful. تھانہ‌دار—police inspector. رشتہ‌دار—relative. چوکیدار—watchman. ٹھیکیدار—contractor. ایماندار—honest. خاردار—thorny. شاندار—magnificent, etc.

مند—as : فائدہ‌مند—profitable. حاجتمند—needy. عقلمند—wise. برومند—blessed. دولتمند—wealthy. ہنرمند—skilful. حوصلہ‌مند—ambitious, etc.

لا—as : زہریلا—poisonous. چمکیلا—bright. بھڑکیلا—splendid. گٹھیلا—knotty. کٹیلا—thorny. مٹیلا—dusty. نشیلا—intoxicating.

بخش—as : صحت بخش—healthgiving. طاقت بخش invigorating, etc.

ناک—خطرناک—perilous. غمناک—sorrowful. خوفناک—frightful. دردناک—painful. شرمناک—shameful.

گاہ—place, as ; خوابگاہ—sleeping room. آرامگاہ—resting place. چراگاہ—meadow. عبادتگاہ—place of worship.

زده—struck, as : حیرت‌زده—wonder-struck. برق‌زده—thunder-struck. آفت‌زده—oppressed by adversity. قحط‌زده—famine-stricken. غم‌زده—sorrow-stricken, etc.

یافته—as : تعلیم یافته—educated. تربیت یافته—trained. سند یافته certificated. عزت یافته—honoured.

آنه—as : برادرانه—brotherly. غریبانه—poorly. امیرانه—richly. جاهلانه—like ignorant. شریفانه—nobly. شاهانه—kingly. دوستانه—friendly. عاشقانه—amorously.

باز—as: دغاباز— swindler, traitor. آتش‌باز—an exhibitor of fireworks. جلدباز—hasty, precipitate. قلاباز—one who takes a somersault. کبوتر باز—pigeon-flier.

LESSON 7.

Some Proverbial Expressions.

روپیه کی ڈھال ڈال دے وبال A bribe in the lap blinds one's eyes.

ایک ترکش کی تیر هیں / ایک تورے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی } A chip of the old block.

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ۔ مرتا کیا نہ کرتا A drowning man will catch at a straw.

میاں ۔ صاحب سلامت دور کی اچھی A distant acquaintance is best.

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا A bad workman quarrels with his tools.

عقل علم كي كنجي هے Experience is the mother of science (wisdom ; knowledge).

كل كرتے آج كر آج كرتے اب Do not put off till to-morrow what you can to-day.

جيسا اپنے ساتهه چاهو ويسا اوروں كے ساتهه كرو Do to others as you wish done to you.

قضا كے آگے حكيم احمق ـ ٹوٹی كي بوٹي بنادو حكيم هی Death defies the doctor.

مهنگا روۓ ايک بار سستا روۓ بار بار Dear is cheap and cheap is dear.

حسن دو دن كا مهمان هے Beauty is but a blossom

آدهار كهانے سے بهو كا پڑا رهنا بهتر هے Better go to bed supper-less than rise in debt.

سارا جاتا ديكهے آدها ديجيئے بانٹ Better give the wool than the whole sheep.

ساری نهيں تو آدهی سهي Half a loaf is better than no bread.

سفيد بال موت كا پيغام Grey hairs are death's blossoms.

LESSON 8.

Some words having تنوين Tanwin.

اتفاقاً accidentally

دفعتاً suddenly

مثلاً for example, as

عموماً generally

قصداً intentionally

اصالتاً originally ; in person

حقارتاً contemptuously

امتحاناً by way of trial

خصوصاً particularly

سهواً erroneously

etc., etc.

LESSON 9.

Some words having sign of اضافت (زیر) sign of Possessive.

قادرِ مطلق Almighty

دستِ شفقت gracious hand

لباسِ فاخرہ precious dress

دستِ غربت poverty

دلِ ناپاک impure heart

تپِ دق pulmonary consumption, hectic fever

شیرِ دل lion-hearted

بسترِ مرگ death-bed

آبِ سرد cold water

افسرِ اعلیٰ superior officer

انگشتِ نر thumb

فہرستِ مضامین list of subjects

تپِ لرزہ an ague

یارِ غار bosom friend

اہلِ ہند inhabitants of India

ہمتِ مرداں courage of men

راحتِ دل peace of mind

etc. etc.

PART IV.

CHAPTER XI.

انشاء COMPOSITION.

[Conversation, Dialogue, Fables, Essays, Letter-writing, etc.]

Conversation.

(1)

کل جب میں تمہارے گھر تم سے ملنے گیا تھا تب تم کہاں گئے تھے ؟
Where had you gone to when I went to your house to meet you yesterday

میں کہیں نہیں گیا تھا ۔ گھر میں تھا پر سویا ہوا تھا I had not gone anywhere, I was in the house but I was in bed at that time.

میں اُن صاحب کا پتہ پوچھنے آیا تھا جو کل تمہارے گھر پر آئے تھے
I had come to ask you the address of that gentleman who had come to your place yesterday.

میں نے اُن صاحب کو پیشتر کبھی نہیں دیکھا تھا اِس لئے میں اُنکا پتہ نہیں جانتا I had never seen that gentleman before therefore I don't know his address

میں سوچتا ہوں تمہارے والد ضرور جانتے ہونگے I think your father must be knowing his address.

ہاں وہ جانتے ہونگے انسے پوچھئے Yes, he might be knowing, ask him.

والد کہاں ہیں Where is he ?

وہ اپنے دفتر میں بیٹھے ھیں He is sitting in his office.

اچھا تو میں انکے پاس جاتا ھوں All right, then I am going to him.

(2)

کیا تم نے کبھی طیارہ (ایرپلین) یا ھوائی جہاز دیکھا ھے ؟ Have you ever seen an aeroplane?

ھاں میں نے ایک دن دیکھا تھا Yes, I saw it the other day.

وہ کہاں تھا Where was it?

وہ ھوا میں تھا It was in the air?

وہ کیا کر رھا تھا What was it doing?

وہ اُڑ رھا تھا It was flying.

طیارہ (ایرپلین) کو کون چلاتا ھے Who guides the aeroplane?

پائلٹ ایرپلین کو چلاتا ھے The pilot guides the aeroplane.

کیا تم طیارہ (ایرپلین) کے کل پرزے جانتے ھو Do you know the parts of an aeroplane?

ھاں ایک (propeller) دم - بازو اور پہیئے ھوتے ھیں Yes, it has a propeller, a tail, wings and wheels.

طیارہ (ایرپلین) میں پہیئے کیوں ھوتے ھیں Why does the aeroplane have wheels?

ھوا میں اُڑنے سے پہلے ایرپلین پہیوں کے ذریعہ سے زمین پر دوڑتا ھے اور جب زمین پر اُترتا ھے تب بھی پہئے استعمال ھوتے ھیں With the wheels the aeroplane runs along the ground before it flies up into the air. It also uses the wheels when it comes down to the ground.

طیارہ (ایرپلین) کس قدر تیز اُڑسکتا ھے How fast can an aeroplane fly?

وہ پرند سے زیادہ تیز اُڑتا ھے It flies faster than any bird.

ایرپلین کس کام میں آتے ھیں ؟ What are aeroplanes used for?

ایروپلین لوگوں کو لے جاتے ھیں - خط اور پارسل لے جاتے ھیں - اور لڑائی میں استعمال ھوتے ھیں Aeroplanes carry people. Aeroplanes carry letters and parcels. They are used in war.

Dialogue.

(1)

موتی—تم کہاں رھتے ھو - جواھر ؟

Moti—Where do you live, Jawahir?

جواھر—میں ایک گاؤں میں رھتا ھوں جو یہاں سے دور نہیں ھے -

Jawahir—I live in a village not very far from here.

موتی—اپنے گاؤں کا راستہ بتلا سکتے ھو ؟

Moti—Can you tell me the way to your village?

جواھر—ھاں - بتلا سکتا ھوں - تم قریب ڈیڑھ میل کے سڑک سے چلے جاؤ - تب ایک چھوٹی سڑک پر بائیں جانب گھوم جاؤ - وہ چھوٹی سڑک - سیدھی میرے گاؤں میں پہونچادیگی - وھیں رھتا ھوں - وھاں میرا مکان ھے -

Jawahir—Yes, I can. You go down the road about a mile and a half, and then turn to the left, along a small road. That small road will take you straight to my village. That is where I live. My home is there.

موتی—گھر میں تمھارے ساتھہ کون رھتا ھے ؟

Moti—Who lives with you at your home?

جواھر—میرے والد اور والدہ اور میرے ۳ بھائی میرے ساتھہ رھتے ھیں -

Jawahir—My father and my mother, and my three brothers live with me at my home.

موتي—تمہارے کے بھائي ھیں ؟

Moti—How many brothers have you ?

جواھر—میرے سہ بھائي ھیں - دو مجھسے بڑے ھیں اور ایک چھوٹا -

Jawahir—I have three brothers. Two of my brothers are older than I and one is younger.

موتی—کیا تمہارا گانو بڑا ھے

Moti—Is your village big ?

جواھر—نہیں - وہ ایک بالکل چھوٹا سا گانو ھے -

Jawahir—No. It is quite a small village.

موتي—تمہارے گانو میں لوگ کیا کرتے ھیں ؟

Moti—What do the people in your village do ?

جواھر—وے اپني گایوں اور کھیتوں کي دیکھہ بھال کرتے ھیں - متقریب وے سب کاشتکار ھیں -

Jawahir—They look after their cows and their fields. They are nearly all farmers.

موتي—تمہارے والد کیا کرتے ھیں ؟

Moti—What does your father do ?

جواھر—میرے والدبھی کاشتکار ھیں - انکے کچھہ کھیت اور بہت سي بھینسیں ھیں وہ کھیت جوتتے اور بھینسیں چراتے ھیں - کھیتوں سے ھمیں گیہوں ملتا ھے - اور بھینسوں سے دودھ -

Jawahir—My father also is a farmer. He has some fields and a good many buffaloes. He ploughs the fields and tends the buffaloes. The fields give us wheat and the buffaloes give us milk.

موتی—گیہوں کو تم کیا کرتے ھو ؟

Moti—What do you do with the wheat?

جواہر—کچھہ تو فروخت کر دیتے ہیں اور کچھہ کھاتے ہیں-

Jawahir—Some of it we sell and some of it we eat.

موتی—دودہ کا کیا کرتے ہو ؟

Moti—What do you do with the milk ?

جواہر—کچھہ دودہ فروخت کر دیتے ہیں - کچھہ کھاتے ہیں - اور کچھہ کا مکھن اور گھی بناتے ہیں -

Jawahir—Some of it we sell, some of it we drink, and some of it we make into ghi and butter.

(2)

اُستاد—اگر تم کسی دوست کو خط لکھنے چاہتے ہو تو کیا کرتے ہو ؟

Teacher—What do you do if you want to send a letter to a friend ?

شاگرد—سب سے پہلے میں جو کچھہ کہنے چاہتا ہوں ایک کاغذ پر لکھتا ہوں -

Pupil—First of all I write down on a piece of paper what I want to say.

اُستاد—پھر کیا کرتے ہو ؟

Teacher—What do you do next ?

شاگرد—میں خط کو تہہ کرتا ہوں اور ایک لفافہ میں رکھتا ہوں -

Pupil—I fold the letter and put it into an envelope.

اُستاد—بہت ٹھیک ہے - پھر کیا کرتے ہو ؟

Teacher—That is quite true. What do you do next ?

شاگرد—میں لفافہ پر سرنامہ لکھتا ہوں -

Pupil—I write the address on the envelope.

اُستاد—سرنامہ کیا ہے ؟

Teacher—What is the address ?

شاگرد—اُس شخص کا نام جسکے پاس خط جارہا ھے اور اُس جگہہ کا نام جہاں وہ رہتا ھے ۔ سرنامہ ھے۔

Pupil—The address is the name of the person to whom the letter is going and the name of place where he lives.

اُستاد—کیا تم لفافہ پر صرف سرنامہ لکھکر ڈاک میں چھوڑ دوگے ؟

Teacher—Will you post the letter simply with the address on the envelope?

شاگرد—نہیں لفافہ پر ایک اسٹامپ لگانا چاھئے ۔

Pupil—No, I must put a stamp on the envelope.

اُستاد—اسٹامپ کہاں ملتا ھے ؟

Teacher—Where do you get the stamp ?

شاگرد—میں اسٹامپ ڈاکخانہ سے خرید سکتا ھوں ؟

Pupil—I can buy it at the Post Office.

اُستاد—ایک اسٹامپ کی کیا قیمت ھوتی ھے ؟

Teacher—How much does a stamp cost ?

شاگرد—چار پیسے قیمت ھوتی ھے ۔

Pupil—It costs four pice.

اُستاد—چار پیسے میں تم اپنا خط کتنی دور بھیج سکتے ھو ؟

Teacher—How far can you send your letter for four pice ?

شاگرد—میں اسے میلوں بلکہ ھزار میل دور تک بھیج سکتا ھوں ۔

Teacher—I can send it any number of miles, even a thousand miles.

اُستاد—کیا کوئی آدمی چار پیسے میں تمہارا خط ایک ھزار میل تک لے جاویگا ؟

Teacher—Will a man carry a letter a thousand miles for you for four pice?

شاگرد—نہیں - ایک میل بھی چار پیسے میں نہ لے جاویگا -

Pupil—No, he will not carry it even one mile for four pice.

اُستاد—تب پھر ڈاکخانہ اتنے دور تمہارے خط کو کیسے لے جاتا ھے ؟

Teacher—How does then the post office carry your letter such a long way for four pice?

شاگرد—میں نہیں جانتا -

Pupil—I do not know.

اُستاد—میں بتلاتا ھوں کیسے - کیا تم نے کبھی چٹھی رساں کو لیٹر بکس کھولتے ھوئے دیکھا ھے - کتنے خط وہ نکالتا ھے - تمہارا صرف ایک خط انمیں ھے - ھر ایک خط پر چار پیسے والا اسٹمپ چسپاں ھے - اتنے چار پیسے ملکر ڈھیر روپیہ ھو جاتا ھے اور وہ سب ڈاکخانہ پاتا ھے -

Teacher—I will tell you how. Have you seen a postman opening the letter-box? How many letters he takes out! Your letter is only one among them. Now on every envelope there is a four-pice stamp. So many four-pice make a lot of money and the post office gets all that.

Fables.

(1)

ایک دایہ ایک ضدي لڑکے کو خاموش کرنے کی کوشش کر رھي تھي اور منجملہ دیگر دھمکیوں کے اُسنے لڑکے سے کہا کہ اگر تو رونا بند نہ کریگا تو میں تجھکو بھیڑیئے کے آگے پھینک دونگي - ایک بھیڑیئے نے جو اُسوقت اتفاق سے دروازہ کے باھر گھوم رھا تھا اس بات کو سنا اور یہہ اعتبار کرکے کہ عورت

در حقیقت سچ کہہ رہي ہے گھر کے قریب بہت عرصہ تک منتظر ٹھہرا رہا - لیکن لڑکا آخرکار شرارت کرتے کرتے تھک گیا اور سو گیا - پس بھیڑیئے کو شام کے ناشتہ سے مایوس ہوکر جنگل کو واپس جانا پڑا - لومڑی راستہ میں اُسے ملي اور لاغر اور پریشان دیکھکر پوچھنے لگی کہ کیا معاملہ ہے کہ آجکي رات تمہارے ہاتھہ کچھہ نہ لگا - اُسنے کہا افسوس میرا حال کچھہ نہ پوچھو - میں نے بے وقوفي سے دایہ کی بات پر اعتبار کیا اور اب مایوس جاتا ہوں -
غصہ کی حالت کی باتوں پر اعتبار کرنا محض ناداني ہے *

A nurse who was endeavouring to quiet a wayward, self-willed child, among other attempts, threatened to throw him out of doors to the Wolf, if he did not leave off crying. A Wolf who chanced to be prowling near the door just at that time, heard the words, and, believing the woman to be in earnest, waited a long while about the house in expectation of seeing her words made good. But at last the child, wearied with its own importunities, fell asleep, and the poor Wolf was forced to return again to the woods without his expected supper. The Fox meeting him, and surprised to see him going home so thin and disconsolate, asked him what the matter was, and how he came to spend no better that night. "Ah, do not ask me," says he; "I was so silly as to believe what the Nurse said, and have been disappointed."

Be not too ready to give credence to the assertions of angry man.

(2)

ایك ضعیف آدمی کے بہت سے لڑکے تھے جو آپس میں اکثر لڑتے رہتے تھے-ضعیف باپ نے بہت سی تدبیریں کیں

لیکن کوئی کار آمد نہ ہوئی - آخرکار اُسنے یہہ حکمت کی -
اُس نے حکم دیا کہ میرے سامنے لکڑیونکا ایک گٹھا لاؤ اور
لڑکونکو پیش کرو - بعد ازاں اُس نے حکم دیا کہ تم سب
یکے بعد دیگرے اپنی کل طاقت کے ساتھہ کوشش کرو اور
دیکھو کہ تم میں سے کوئی اُسے توڑ سکتا ہے - اُن سبھوں نے
کوشش کی لیکن توڑ نہ سکے - چونکہ لکڑی خوب کسی
ہوئی بندھی تھی اُسکا توڑنا آدمی کی طاقت سے باہر تھا -
بعد ازاں اُس بزرگ نے حکم دیا کہ گٹھا کھول دیا جاوے اور
ایک ایک لکڑی اپنے ہر ایک بیٹے کو دیکر فرمایا کہ اب
توڑنے کی کوشش کرو - جبکہ ہر ایک نے اُنکو بہ آسانی
توڑ لیا تو باپ نے انکی طرف مخاطب ہوکر یہہ کہا —
اے بیٹو اتفاق کی قوت پر غور کرو - اگر تم اسی طرحسے
محبت کے ساتھہ خوب ملکر رہوگے تو کسی انسان کی جرأت
نہ ہوگی کہ تمکو نقصان پہونچائے لیکن جب کبھی برادرانہ
محبت میں فرق آئیگا تم بہت جلد تباہ ہوجاؤگے اور ہر ایک
دشمن جو تمہارے اوپر حملہ کریگا غالب آئیگا -
نفاق زور کو گھٹا دیتا ہے *

An old man had many sons, who were often falling out with one another. When the old father had exerted his authority and all to no purpose, he at last had recourse to this expedient. He ordered his sons to be called before him, and a short bundle of sticks to be brought, and then commanded them, one by one, to try if, with all their might and strength, could any of them break it. They all tried, but to no purpose, for the sticks being closely and compactly bound up together, it was impossible for the force of man to do;

it. After this the father ordered the bundle to be untied, and gave a single stick to each of his sons, at the same time bidding him try to break it. Which when each did with all imaginable ease, the father addressed them to this effect:—"O, my sons, behold the power of unity! for if you in like manner would but keep yourselves strictly conjoined in the bonds of friendship it would not be in the power of any mortal to hurt you, but when once the ties of brotherly affection are dissolved, how soon do you fall to pieces and are liable to be violated by every injurious hand that assaults you."

Discord reduceth strength to weakness.

(3)

دو آدمی سڑک پر سفر کررہے تھے - انمیں سے ایک نے ایک کلہاڑی سڑک پر پائی جہانتک کوئی لکڑی کاٹ رہاتھا - پس اُسنے اسکو اٹھاکر کہا میں نے ایک کلہاڑی پائی ہے - دوسرے نے کہایہہ مت کہو کہ میں نے پائی ہے بلکہ کہو کہ ہم نے پائی ہے کیونکہ ہم دونوں ساتھی ہیں اور ہمکو اسے آپس میں تقسیم کرلینا چاہئے - لیکن وہ اس پر راضی نہیں ہوتا تھا - خیر وہ بہت دور نہیں پہونچے تھے کہ کلہاڑی کے مالک نے سنکر کہ اسکی کلہاڑی کا کیا ہوا انکا وارنٹ کے ذریعہ سے پیچھا کیا - اسنے جسنے کہ اسکو پایاتھا اپنے ساتھی سے کہا افسوس ہم پکڑگئے - دوسرے نے کہا یہہ مت کہو کہ ہم بلکہ میں پکڑگیا - چونکہ تونے مجھکو مال مفت میں شریک نہیں کیا تھا میں تیرے ساتھہ تکلیف میں بھی شریک نہ ہونگا

دوستی قایم رهنے کے واسطے باهمی اتحاد هونا چاهئے *

Two men travelling upon the road, one of them saw an axe lying upon the ground, where somebody had been hewing timber. So taking it up says he, "I have found an axe"—"Do not say I", says the other, "but we have found ! for, as we are companions, we ought to share it betwixt us." But the first would not consent. However, they had not gone far before the owner of the axe, hearing what became of it pursued them with a warrant, which when the fellow that had it perceived, "Alas!" says he to his companion, "we are undone."—"Nay," says the other, "do not say we, but I am undone; for as you would not let me share the prize, neither will I share the danger with you."

Friendships, to last, should be reciprocal and founded on equality.

مضمون نویسی Essay-writing.

A short literary composition on any subject is called جواب مضمون Essay.

Essays are of three kinds :—

(1) بیانیہ یا مشرح Descriptive.

(2) حکایتی Narrative.

(3) مراقبہ یا گهرے خیالات ظاهر کرنے والا Reflective,

(1) Description of some thing or place is called the بیانیہ یا مشرح مضمون Descriptive Essay.

(2) Narration a historical or supposed event is called حکایتی مضمون Narrative Essay.

(3) Expression of deep thought and the abstract condition as friendship, humility, kindness etc. is called مراقبہ یا گہرے خیالات ظاہر کرنے والا مضمون Reflective Essay.

Examples of Essays.

1. بیانیہ یا مشرح — Descriptive.

جیب گھڑي Watch

جیب گھڑي ایک وقت بتانے والا آلہ ہے - وہ ایک چھوٹی سي چیز ہوتی ہے جو کہ واسکٹ کی جیب میں رکھی جاسکتی ہے - ساعت نما جسپر گھنٹوں کے نشان لگے ہوتے ہیں گھڑی کا چہرہ کہلاتا ہے - اُس پر دو سویاں یا کانٹے جڑے رہتے ہیں - ایک چھوٹا اور ایک بڑا - چھوٹا کانٹا گھنٹے دکھاتا ہے اور بڑا منٹ دکھاتا ہے - بہت سی گھڑیوں میں ایک بہت ہی چھوٹی سوئي ہوتی ہے جو پل دکھاتی ہے - گھڑي کے کل پرزے ہمیشہ ایک سونے چاندي یا دیگر کڑے دھات کے خول یا ڈبیا میں جڑے ہوتے ہیں - گھڑی کی کل کا نہایت ضروري پرزہ فولادي کماني ہے - اسی سے گھڑی چلتی ہے - اگر گھڑي کے دونوں جانب ڈھکنے ہوں تو وقت دیکھنے کے لئے ڈھکنوں کو ایک گھنڈي دبا کر کھولنا پڑتا ہے - بعض گھڑیاں زور سے ٹک ٹک کرتي ہیں - بعض میں گھنٹے - آدہ گھنٹے اور پاؤ گھنٹے بھی بجتے ہیں - جب کمانی کھل جاتي ہے تو

کمانی کے لپیٹو کو چابھی سے کسنا پڑتا ہے ورنہ گھڑی
بند ہو جاتی ہے - بعض اوقات گھڑی کی رفتار دھیمی
ہو جاتی ہے اور وے صحیح وقت نہیں بتلاتیں - گھڑیاں
مختلف قسم اور قد کی ہوتی ہیں - بعض بڑے قد کی
گھڑیاں برجیوں پر لگی، ہوتی ہیں - بعض دیوار میں
لٹکائی جاتی ہیں وے دھرم گھڑی کہلاتی ہیں - بعض
میز پر رکھی جاتی ہیں - وے ٹائم پیس کہلاتی ہیں -
آجکل بہت چھوٹی قد کی گھڑیاں جاری ہیں جو کلائی
میں باندھی جاتی ہیں - انکو رسٹ واچ کہتے ہیں -

A watch is a contrivance for showing the time of the day. It is small and can be carried in a waistcoat pocket. The dial on which the hours of the day are marked is called the face of the watch. On it are fitted two pins called 'hands'—one shorter than the other, the shorter one showing the hours and the longer one minutes. Many watches also have a very small needle showing seconds. The machinery of a watch is always fitted into a case which may be made of gold, silver or other hard metal. The most important part of the machinery of a watch is its steel spring, which makes the watch go. If the watch has covers on both sides, the time cannot be seen until the covering over the face is opened by pressing a spring catch. Some watches tick louder than others. Some also sound the hours, half hours, and the quarters. When the spring becomes unwound, the watch has to be wound up to tighten the coils of the

spring otherwise it would stop. Sometimes watches go "slow," that is, they do not show the right time but lag behind.

Watches are of various kinds and sizes. Some are of a very large size which are set up on the towers, some are put up on the walls. They are called clocks. Some are kept on tables, and are called time-pieces. Now-a-days watches of very small size are in use which are tied on the wrist, and are called wrist watches.

---

2. حکایت—Narrative.

چمگادڑ اور چرندوں و پرندوں کے درمیان لڑائی
The Bat and the fight between Birds and Beasts.

ایک مرتبہ چرندوں اور پرندوں کے درمیان عرصہ تک
لڑائی رہی - کبھی پرند چرندوں پر غالب آتے تھے اور کبھی
چرند پرندوں پر - چمگادڑ کبھی چرند ہونے کا دعوی کرتا
تھا اور کبھی پرند ہونے کا- کیونکہ وہ ہمیشہ فتح پانے
والوں کی جانب رہنے چاہتا تھا - جب وہ اپنے کو چرند
ثابت کرنے چاہتا تھا تو چرندوں کے پاس جاتا تھا
اور بحث کرتا کہ چونکہ ہمارے دانت ہیں اور اپنے بچوں
کو دودھ پلاتے ہیں ہم جانور ہیں - جب وہ چاہتا تھا
کہ پرند سمجھا جاوے تو پرندوں کے پاس جاتا اور بحث
کرتا کہ جس حال میں اُڑ سکتا ہوں میں چرند نہیں
ہوں - جب لڑائی جھگڑا رفع دفع ہو گیا چرندوں اور

پرندوں کی بڑی ضیافت ہوئی اور افراط سے کھانے پینے
کا سامان مہیا تھا - جب ضیافت شروع ہوئی چمگادڑ نے
بھی آکر شامل ہونا چاہا - لیکن چرندوں و پرندوں
دونوں نے اسکے چرند یا پرند ہونے کے دعوے کو رد کودیا
اور ضیافت میں سے بھگادیا - چمگادڑ چلا گیا اور مارے
شرم کے ایک سوراخ میں چھپ گیا - تب سے چمگادڑ صرف
اندھیرے میں نکلتے ہیں تاکہ چرند یا پرند اسے دیکھہ
نہ پاویں -

The beasts and birds once had a fight which lasted a long time. Sometimes the birds would get the upperhand, at other times the beasts. The bat claimed to be now a beast and then a bird for it wanted to fight always on the winning side. When it wished to pass off as a beast it would go to the beasts and argue that since it had teeth in its head and gave milk to its young it was a beast. When it wished to be considered a bird it would go to the birds and argue that since it could fly it was not a beast. The quarrel in time was mended and a great feast was given to all the birds and beasts, there being plenty to eat and drink. Just as the feast commenced the bat announced itself and wished to join in, but both birds and beasts refused to claim it as one of them and told it to go away from their feast. The bat, therefore, went away and out of shame hid itself in its hole, and since then bats never come out except when it is dark so that neither birds nor beasts might see them.

3. مراقبہ—Reflective.

A

شرافت یا حسن خلق Gentlemanliness.

شرافت اعلیٰ خاندانی اور اصالت کا ثبوت ہے - اشراف آدمی کی ازمایش کئی طرح سے ہو سکتی ہے - دیکھو کہ وہ اپنے نوکر چاکروں پر اپنی طاقت کو کس طرح کام میں لاتا ہے عورتوں اور بچونکا اسکو کیا خیال ہے - اگر وہ افسر ہے تو اپنے ماتحتوں سے کیا سلوک کرتا ہے - اگر مدرس ہے تو اپنے شاگردوں سے کس طرح بولتا ہے - ان حالتوں میں اگر انسان - صبر - اور رحم کے ساتھہ کام کرے تو وہ واقعئي اشراف آدمي ہے اور جو کمزوروں اور مزدوروں کو دکھہ دے وہ نامرد ہے - وہ ہرگز طاقتور اور بہادر نہیں - دیو کے برابر طاقت رکھنا بہت اچھي بات ہے لیکن دیو کي طرح اس طاقت کا کام میں لانا خراب ہے - شرافت کے جانچنے کے لئے رحم بہت اچھی اور صحیح جانچ ہے - شریف آدمی اپنا دکھہ سہہ سکتا ہے لیکن اوروں کا دکھہ نہیں دیکھہ سکتا - وہ کبھي اپنی طاقت - دولت - علم اور عیش پر فخر نہیں کرتا - ڈاکٹر فولر نے اشراف آدمي کی بہت اچھي تعریف کي ہے وہ کہتے ہیں کہ جو آدمی برے کاموں سے بچا کاروبار میں سچا - بات کا پکا - نوکروں پر مہربان - مستقل مزاج - محنت کش اور بڑے کاموں میں ہمیشہ دلیري کے ساتھہ مستعد و تیار ہو وہ ہی اشراف ہے -

Gentlemanliness is the pro›f of high birth and nobleness. A gentleman can be tested in several ways.

Notice how he uses his power over his servants. What is his idea towards the females and children. If he is an officer, how he treats his subordinates. If a teacher, how he speaks to his pupils. In such positions if a man acts with wisdom, patience and mercy he is really a gentleman but the one who oppresses the labourers and the weak is not a man. He is not strong and brave. It is good to have strength like a giant but to use that strength like a giant is bad. To test the gentlemanliness mercy is the better and right test. A gentleman can tolerate his pains but cannot see the pains of others. He is never proud of his power, wealth, knowledge and comforts.

Dr. Fuller has praised highly a gentleman.—The man who keeps himself from the evil deeds, is honest in his dealings, is abiding by his words, is kind to the servants, is persevering, is laborious and always prepared boldly for great deeds is a gentleman.

B

Give دینا

دینا لینے سے مبارک ہے - اپنے دل کے سب سے اچھے خزانے دے ڈالو - خوشنما کائنات سے دینا سیکھو - دیکھو دریا دھکر سمندر میں گرتے ہیں اور اپنا سارا خزانہ فیاضی اور وفور کے ساتھہ اُنڈیل دیتے ہیں - تاہم دینے میں اُنکی مدد کرنے کے لئے چھپے ہوے سوتے نکلتے ہیں یا اگر ضرورت ہوتی تو آسمان سے بارش اُنکی پرورش کرتی ہے - عظیم الشان پھولونکو دیکھو اپنی پر تکلف خوشبو پھیلاتے ہیں - ہوا کو خوشبو سے جو اُنکی خوبصورتی سے نکلتی

ے بھر دیتے ھیں - تاھم اُنکے افراط سے خرچ کردینے سے کوئي کمي نہیں ھوتي انکی مادر زمین اُنکو پھر تازہ زندگي سے معمور کردیتی ھے - اسي طرح اپني محبت دو (یعني محبت کرو) اور مانگو مت (یعنے یہہ نہ چاھو کہ دوسرا بھی تم سے محبت کرے) - اور عوض کا انتظار نہ کرو اور جتنا زیادہ تم اپنے چھوٹے سے ذخیرہ سے خرچ کروگے خدا تمکو دوگنا فیاضي کے ساتھہ اور زیادہ دیگا -

خدا اُن کو زیادہ پر زیادہ دیتا ہے جو اوروں کی مدد کرنے کو تیار رھتے ھیں -

It is more blessed to give than to receive. Learn to give from the fair Nature. Give your heart's best treasures. Lo! the rivers flow on and eventually fall into the sea. Despite this more fountains spring forth to help them in flowing. If there need be rain from heaven brings them up. See the magnificent flowers which spread their odour too unsparingly and fill the air with the scent emanating from their beauty. Despite it no shortage is produced by their giving lavishly. This mother earth renews with fresh life. Precisely in the same way love *i. e.* give love and not expect its return. Have love for all and do not expect others to do the same to you. Don't wait for the exchange for your good. The more you will spendout of your reservoir the more abundantly with double generosity will God give you.

God gives more and more to those who are ready to help others.

خطوط نویسی وغیرہ Letter-writing etc.

The writer of a letter is called کاتب 'kátib' and to whom a letter is written is called مکتوب الیہ 'maktúb aleh.'

When writing letters it is essential to keep in mind the rank and position of the person whom it is addressed to *i. e.* whether the person addressed is Senior or Junior or Equal.

Some Forms of Address.

القاب و آداب

Elders or Seniors.

والد Father—جناب قبلہ کونین دام ظلکم العالي—
بعد ادائے اداب و تسلیمات عرض پرداز ہوں کہ......وغیرہ

دادا Grandfather—قبلہ دو جہاں مخدوم مخدومان
امت اقبالہٗ—بعد تمنائے قدمبوسی عرض ہے کہ......وغیرہ

ماموں Uncle—جناب ماموں صاحب قبلہ کونین و
کعبہ دارین سلامت—بعد ادائے آداب و تسلیمات فدویانہ
کے عرض ہے کہ.........وغیرہ

Juniors.

بیٹا Son—

(۱) عزیز ازجان سلمہ اللہ الرحمٰن—دعا - آن عزیز
کا خط ملا.........وغیرہ

(۲) برخوردار سعادت اطوار - دعاے ترقی علم و
اقبال .... وغیرہ

چھوٹا بھائی Younger brother—

(۱) برادر عزیز سلمہ اللہ تعالےٰ—دعا .... وغیرہ
(۲) برادر عزیزالقدر عزیز از جان سلمہٗ ...... وغیرہ

بھتیجا Nephew—عزیزی سلمہٗ—دعا - مسرت نامہ ملا -
حالات سے آگاہی ہوئی .... وغیرہ

چھوٹی بہن Sister—ہمشیرہ عزیزہ سلمہا—دعاے ترقی
عمر کے بعد واضح ہو .... وغیرہ

Equals.

دوست Friend—

(۱) مخلص بےریا زاد محبتہٗ—تسلیم - آپ کی
علالت کا حال معلوم ہوا ... . وغیرہ
(۲) شفیقی زاد محبتہٗ—آداب عرض - محبت نامہ
ملا .... وغیرہ

بیوی Wife—

(۱) مونث تنہائی من -
(۲) عفت پناہ عصمت ماب -
(۳) ہم دم و ہمراز من سلامت—بعد سلام وشوق
ملاقات کے معلوم ہو .... وغیرہ

LETTER TO FATHER.

خط والد کے نام

جناب قبلہ کونین و کعبہ دارین دام ظلکم العالی - بعد
ادائے آداب وتسلیمات عرض پرداز ہوں کہ میں حضور والا سے
رخصت ہوکر بفضل اللہ تعالے آگرہ پہونچ گیا - جناب
منصف صاحب کا سفارش نامہ ہیڈ ماسٹر صاحب کی
خدمت میں پیش کیا - جناب ممدوح نے مولوی امام الدین
صاحب کو بلا کر مجھے انکے سپرد کر دیا - مولوی صاحب
موصوف بہت ہی خوش خلق و نیک بخت ہیں - فوراً
میرے لئے انتظام کر دیا اور میں بورڈنگ ہاوس میں داخل
ہو گیا - مجھے یہاں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہے -
مجھے یقین ہے کہ میں یہاں فضل خدا سے اور حضور کی
دعا سے نہایت کامیاب رہونگا - جناب والدہ ماجدہ صاحبہ
کی خدمت میں آداب عرض عزیزان برادر و ہمشیرہ کو
بہت بہت دعا -

خادم ———

LETTER TO SON.

خط بیٹے کے نام

از کلکتہ　　　　　　　　　　۱۲ جولائی ۱۹۳۵ ع

عزیز از جان سلمہ اللہ الرحمٰن دعا اس عزیز کا خط
ملا - تم نے جو چند اشیائے ضروری کی خریداری کے لئے

خرچ طلب کیا ھے اسکو میں بخوشی روانہ کرتا ھوں - مبلغ ۱۰ روپیہ کا منی آرڈر دو چار روز میں تمکو ملجاویگا - خیال رھے کہ فیشن وغیرہ میں خرچ کرنا محض بد وضعی وفضول خرچی ھے- ھر طالب علم کو بہر حال اس سے اجتناب چاھئے -تمھارے چھوٹے بھائی اور بھن تسلیم عرض کرتے ھیں اور تمھاری والدہ دعا کرتی ھیں -

راقم الدعا——

Letter to Friend.

خط دوست کے نام

کرم فرمائے من جناب لچھمن سنگھہ صاحب زاد عنایتہ—بعد آداب کے عرض پرداز ھوں کہ محبت نامہ آپکا وصول ھوا - آپ میری عدم موجودگی میں تشریف لائے اور میں اتفاق سے باھر چلا گیا تھا • بہت افسوس رھا - شادی کے واسطے گاڑی دینے میں مجھے کیا آپ سے عذر ھو سکتا ھے- ھمارے آپکے مراسم پشت ھا پشت سے چلے آتے ھیں - آپ کی عزت ھماری عزت ھے - اگر ایسی چیزیں درکار ھوں جو مکان پر موجود نہ ھوں تو وہ کہیں نہ کہیں سے مھیا کر سکتا ھوں - اور اپنا فرض تصور کرتا ھوں -

زیادہ نیاز

رام سینگھہ

RECEIPT

رسید

منکہ موہن لال ساکن فیض‌آباد کا ہوں جو کہ منمقر نے دو سو روپیہ بابت قیمت ایمت مسٹر پ ل صاحب بہادر افسر میونسپلٹی فیض‌آباد سے وصول پاے لہذا یہہ چند کلمے بطریق رسید لکھدیئے کہ سند رہے اور ضرورت کے وقت کام آے فقط -

۱۰ جنوری ۱۹۳۸ ع

PRONOTE.

رقعہ عند الطلب

منکہ رگھبر دیال ولد رام دیال قوم کایستھہ ساکن محلہ گاڑی پورہ قصبہ رام پور ضلع مرادآباد کاہوں منمقر نے مبلغ پانسو روپیہ کہ جسکے نصف دو سو پچاس روپیہ ہوتے ہیں - بدست لالہ رام سہاے ولد گنگا سہاے قوم کایستھہ ساکن محلہ کٹرہ شہر مرادآباد بحساب دو روپیہ سیکڑہ سود ماہواری مقام کٹرہ شہر مرادآباد لیا اسکو ادا و بےباق کرونگا - لہذا یہہ چند کلمے بطور رقعہ عندالطلب کے لکھہ دیئے تاکہ سند رہے اور وقت پر کام آے -

المرقوم ۳ مارچ ۱۹۳۶ ع

PETITION TO HEADMASTER FROM A STUDENT.

عرضی بنام ہیڈ ماسٹر

بحضور جناب ہیڈ ماسٹر صاحب گورنمنٹ ہائی اسکول
پرتاب گڑھ دام اقبالہ -

جناب عالی -

بکمال ادب گذارش ہے کہ فدوی کل سے تپ لرزہ کے
باعث مجبور ہو کر مدرسہ سے غیر حاضر ہے - علاج ڈاکٹری
کر رہا ہوں امید ہے جلد صحت حاصل ہو جاویگی - فدوی
عرض پرداز ہے کہ تاوقت صحت یابی غیر حاضری میری
معاف فرمائی جاوے -

عرضی

فدوی گیان چند طالبعلم درجہ ششم

مورخہ ۲۱ فروری ۱۹۳۵ ع

[THE END]

Printed by RAMZAN ALI SHAH at the National Press, Allahabad.